مجلس احباب

جناب مدیر صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

''نقیب ختم نبوت'' کا تازہ شمارہ یکم فروری کو ہی مل گیا تھا اور حسبِ انتظار الاستاذ سید☆ کا سفر نامہ حجاز پوری رعنائی کے ساتھ جگمگا رہا تھا۔ ہر ہر لفظ پر دل ''واہ استاد جی واہ'' اور ''سبحان اللہ، ماشاء اللہ'' پکارتا رہا اب تک چھ مرتبہ تو پڑھ چکا ہوں اور ہنوز شوق کا دامن پھیلا ہوا ہے۔ تھوڑا پڑھتا ہوں پھر چھوڑ دیتا ہوں مبادا کہیں سارا مزہ ایک ہی دفعہ میں پورا نہ ہو جائے۔ استاد ہونے کا حق ادا کر دیا ہے۔ میرے سامنے ہوتے تو ان کا منہ بنگالی گلاب جامنوں سے بھر دیتا۔ خیر جب کبھی موقع ملا تو یہ ادھار چکا دوں گا۔

نقیب ختم نبوت الحمدللہ پہلے کی نسبت بہت بھرپور جا رہا ہے۔ بحیثیت مدیر اس کا کریڈٹ تو آپ ہی کو جاتا ہے باقی حضرت بٹالوی صاحب کی محنت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے سید عزیز الرحمٰن تو کہہ رہے تھے کہ یہی کیا کم ہے کہ پرچہ یکم سے پہلے ہی مل جاتا ہے۔ اب تو راقم کا بھی دل للچانے لگا ہے کہ خاص نقیب کے لئے لکھا کروں۔

☆ سید محمد ذوالکفل بخاری (حال مقیم: اُملج، سعودی عرب)

حافظ احمد معاویہ

روزنامہ ''اسلام'' کراچی

بخدمت جناب مدیر صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ماشاء اللہ ہر ماہ کی طرح اس ماہ بھی ہمارا ماہنامہ نقیب ختم نبوت پوری آب وتاب کے ساتھ جلوہ فگن ہو کر ہاتھوں میں پہنچا اور اس کے مطالعہ سے بیحد مسرّت ہوئی۔ خاص کر اپنے عنوان کی طرح روشنی اور خوشبوؤں میں رچا بسا ہوا ''سفر نامۂ حجاز کا ایک ورق'' ذوالکفل بخاری صاحب کا بہترین مضمون تھا۔ اس باذوق انتخاب پر وہ لائق تحسین ہیں۔ اس کے علاوہ ''یوم الحج کا ورودِ مقدس''، ''شب جائے کہ من بودم'' اور ''میزبان'' جیسے عنوانات کے حامل یہ مضامین معلومات افزا اور قابل قدر ہیں۔ آخر میں ...! ضیاء الدین لاہوری صاحب کی کاوش کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں جو انہوں نے سر سید پر نقد و نظر کے طور پر پیش کیا ہے۔ باقی مضامین بھی بہترین تھے۔

عبدالسمیع الخلیلی

الآصف اسکوائر کراچی

☆☆☆

ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' ملتان، تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبہ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان کا ترجمان ہے۔ رسالے